
# محفوظ طریقے سے آن لائن خریداری کرنا

## جائزہ

بہت سارے لوگوں کی چھٹیاں آنے والی ہیں اور عنقریب لاکھوں لوگ بہترین تحفوں کی تلاش میں ہوں گے- ہم میں سے کئی لوگ بہترین سودے کی تلاش میں آن لائن خریداری کریں گے تاکہ وہ بازار کے رش سے بچ سکیں- بدقسمتی سے سائبر مجرمان بھی اس دوران کافی متحرک ہو جاتے ہیں اور وہ لوگوں کو بیوقوف بنانے کے لیئے جعلی شاپنگ ویب سائٹس بناتے ہیں اور اس جیسے دوسرے حربے استعمال کرتے ہیں- اس نیوز لیٹر میں ہم آپ کو بتائیں گے کہ آپ محفوظ طریقے سے بیوقوف بنے بغیر کیسے آن لائن خریداری کر سکتے ہیں- سائبر مجرمان ایسے جعلی آن لائن اسٹورز بناتے ہیں جو کہ بالکل حقیقی ویب سائٹ سے مماثلت رکھتے ہیں یا وہ کسی جانے پہچانے اسٹور کا نام استعمال کرتے ہیں- جب آپ سب سے بہترین آن لائن سودے تلاش کرتے ہیں تو ہو سکتا ہے کہ آپ ان جیسی جعلی ویب سائٹس پر چلے جائیں- ان ویب سائٹس سے خریداری کرنے کا مطلب ہو سکتا ہے کہ آپ چوری شدہ یا جعلی مصنوعات خرید رہے ہیں اور کچھ صورتوں میں یہ بھی ہو سکتا ہے کہ آپ کی خریدی ہوئی اشیاء آپ تک کبھی پہنچیں ہی نہیں- آپ مندرجہ ذیل اقدامات اٹھا کر اپنے آپ کو ان جعلی آن لائن اسٹورز سے محفوظ رکھ سکتے ہیں:

جب بھی ممکن ہو آپ ایسے آن لائن اسٹورز سے خریداری کریں جن کے بارے میں آپ کو پہلے سے پتہ ہو، آپ ان پر بھروسہ کرتے ہوں اور آپ نے وہاں سے پہلے خریداری کی ہو- جن ویب سائٹس کا آپ نے پہلے دورہ کیا ہو اور ان پر بھروسہ کرتے ہوں، انہیں آپ بک مارک کر لیں-

آپ ایسے آن لائن اسٹورز پر قیمتیں دیکھیں جہاں نامی گرامی آن لائن اسٹورز سے بہتر قیمتیں ہوں- اگر آپ کو کوئی نا قابل یقین سودا مل رہا ہو تو ہو سکتا ہے کہ یہ جعلی آن لائن اسٹور ہو-

اگر آپ ایسی ویب سائٹ کا دورہ کرتے ہیں جو کسی ایسی ویب سائٹ سے مشابہت رکھتی ہے جہاں سے آپ نے پہلے خریداری کی ہو لیکن اس اسٹور کا نام یا ویب سائٹ کا ڈومین ایڈریس مختلف ہو، تو آپ فوراً مشکوک ہو جائیں- مثال کے طور پر آپ Amazon سے خریداری کیا کرتے تھے جس کا ایڈریس www.amazon.com ہے لیکن آپ نے اس سے ملتی جلتی جعلی ویب سائٹ سے خریداری کر لی جس کا ملتا جلتا ویب سائٹ ایڈریس تھا لیکن اس میں لفظ «o» کو نمبر «۰» سے تبدیل کر دیا گیا ہے-

آپ آن لائن اسٹور کا نام یا ویب ایڈریس کسی سرچ انجن میں لکھیں تاکہ آپ کو پتہ چل سکے کہ باقی لوگوں کی اس کے بارے میں کیا رائے ہے- آپ «never again»، «scam»، «fraud»، یا "fake" جیسی اصطلاحات کو ڈھونڈیں-

آپ اپنے ہر آن لائن اکاؤنٹ کے لیئے منفرد پاس ورڈ کا استعمال کریں- کیا آپ تمام پاس ورڈز یاد نہیں رکھ سکتے ہیں؟ اس صورت میں آپ اپنے تمام پاس ورڈز کو پاس ورڈ مینیجر میں ذخیرہ کرنے کے بارے میں غور کریں-

## جائزہ

آپ قابل بھروسہ ویب سائٹس پر خریداری کرتے ہوئے بھی چوکنہ رہیں- کئی بڑے آن لائن اسٹورز میں ایسی مصنوعات بک رہی ہوتی ہیں جو کہ ایسے افراد یا تنظیمیں بیچ رہی ہوتی ہیں جن کی نیت دھوکہ دینے کی ہوتی ہے- ایسے آن لائن اسٹورز حقیقی دنیا کے بازار جیسے ہوتے ہیں جہاں کچھ دکاندار باقیوں سے زیادہ قابل بھروسہ ہوتے ہیں- آپ کوئی بھی چیز خریدنے سے پہلے، بیچنے والے کی ساکھ کے بارے میں ضرور پڑھ لیں- ایسے بیچنے والوں سے ہوشیار رہیں جو کہ آن لائن اسٹور پر ابھی نائ ہوں یا وہ انتہائی کم قیمت پر چیزیں بیچ رہے ہوں- آپ اس آن لائن اسٹور کی کسی تیسرے فریق سے خریدی گئی چیزوں کے بارے میں پالیسی ضرور پڑھ لیں- اگر آپ کو تھوڑا سا بھی شک ہو تو آپ اس آن لائن اسٹور سے بارہ راست چیزیں خریدیں، نہ کہ وہاں موجود کسی تیسرے فریق سے-

## جائزہ

آپ اپنے کریڈٹ کارڈ کی ایسٹیٹمنٹ کا باقاعدگی سے جائزہ لیتے رہا کریں تاکہ آپ کسی بھی مشکوک سرگرمی کی نشاندہی کر سکیں- اگر ممکن ہو تو آپ اپنے کریڈٹ کارڈ کے ہر دفعہ استعمال ہونے پر ای میل، ٹیکسٹ میسج یا ایپلیکیشن کے ذریعے مطلع کرنے کے اختیار کو فعال کر دیں- اگر آپ کو کوئی مشکوک سرگرمی ملے تو آپ اپنی کریڈٹ کارڈ کی تنظیم کو فوراً مطلع کریں- جب بھی ممکن ہو، ڈیبٹ کارڈ کے استعمال سے اجتناب کریں کیونکہ یہ آپ کے اکاؤنٹ سے براہ راست پیسے نکالتے ہیں- اگر آپ ڈیبٹ کارڈ کے ذریعے کسی دھوکہ دہی کا شکار ہو جاتے ہیں تو آپ کے لیئے اپنے پیسے واپس حاصل کرنا کہیں زیادہ مشکل ہو جاتا ہے- آن لائن خریداری کا ایک اور طریقہ معروف پیمنٹ سروسز کا استعمال ہے جیسے کہ PayPal، جس میں آپ کو اپنا کریڈٹ کارڈ نمبر بچنے والے کو نہیں دینا پڑتا ہے- آخری بات یہ کہ آپ آن لائن خریداری کے لیئے گفٹ کارڈ استعمال کرنے پر غور کریں-

صرف اس لیئے کہ ایک آن لائن اسٹور دیکھنے میں بہت اچھا اور پیشہ ور لگتا ہے، اس کا قطعن یہ مطلب نہیں ہے کہ وہ بالکل صحیح ہے- اگر آپ کسی ویب سائٹ کو استعمال کر کے آپ غیر آرامدہ محسوس کر رہے ہیں تو آپ اسے مزید استعمال نہیں کریں- اس کے بجائے آپ معروف اور ایسی قابل بھروسہ ویب سائٹس کو استعمال کریں جنہیں آپ نے پہلے استعمال کیا ہے- ہو سکتا ہے کہ اس ویب سائٹ پر آپ کو کوئی بہت اچھا سودا نہیں ملے لیکن اس بات کا قوی امکان ہے کہ آپ کو اصل اور بالکل صحیح مصنوعات ملیں گی اور آپ دھوکہ خانے سے بچ جائیں گے-

## اردو ایڈیشن

Rewterz پاکستان کی معروف انفارمیشن سکیورٹی کمپنی ہے جو پچھلے سات سالوں سے آئی ٹی سکیورٹی کے شعبے میں خدمات سرانجام دے رہی ہے - کمپنی کے بارے میں مزید معلومات کے لئے http://www.rewterz.com کا دورہ کریں یاہمارے فیس بک پیج https://www.facebook.com/Rewterz کو 'لائک' کریں یا ٹوئیٹر @Rewterz پر فالو کریں-

## مہمان مُدیر

**لینی زیلسٹر** Axonius کے چیف انفارمیشن سکیورٹی افسر اور SANS انسٹیٹیوٹ میں سینئر معلم ہیں- آپ ٹوئیٹر پر ان تک رسائی lennyzeltser@ کے ذریعے حاصل کر سکتے ہیں اور ان کا بلاگ zeltser.com پر پڑھ سکتے ہیں-

## وسائل:

سوشل انجینئرنگ: http://www.sans.org/u/X7k

سوشل میڈیا کے ذریعے آپ کو دھوکہ دینا: http://www.sans.org/u/X7p

پاس ورڈز کو آسان بنانا: http://www.sans.org/u/Xu9